فوری ریلیز کے لیے: 2022/13/7 گورنر KATHY HOCHUL

**گورنر HOCHUL اور اٹارنی جنرل JAMES نے پابند کرنے والی رضامندی کے حکم نامے کی رسمی طور پر درخواست جمع کروانے کا اعلان کیا ہے تاکہ بحریہ-گرومین پلوم کی مکمل روک تھام کے عمل کو مزید آگے بڑھایا جائے**

***نارتھروپ گرومین اور امریکی بحریہ دونوں رسمی طور پر اس بات کے لئے پرعزم ہیں کہ تاریخ ساز صفائی کے عمل کو نافذ کیا جائے جو آلودگی کے مزید پھیلاؤ کی روک تھام کرے***

***نارتھروپ گرومین 104.4$ ملین کے قدرتی وسائل کے نقصانات کے تصفیے پر متفق ہے تاکہ صفائی کے عمل، سرکاری پانی کی فراہمی، اور آبی ذخائر کے تحفظ کے پروجیکٹس کو آگے بڑھایا جائے***

***لانگ آئی لینڈ کے واحد ماخذ آبی ذخائر کی حفاظت اور بحالی کا کام پہلے ہی جاری ہے***

گورنر Kathy Hochul اور اٹارنی جنرل Letitia James نے آج عدالت میں رضامندی کا حکم نامہ دائر کرنے کا اعلان کیا جس میں نارتھروپ گرومین سے باضابطہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ نارتھروپ گرومین بیتھ پیج سہولت گاہ اور نیول ویپنز انڈسٹریل ریزرو پلانٹ سے وابستہ سطح زمین کے پانی کے پلوم کی روک تھام اور اسے صاف کرنے کے لیے ایک جامع منصوبے کو آگے بڑھایا جائے۔ اس سطح زمین کے پانی کے پلوم کی مکمل روک تھام سے گردونواح کی کمیونٹیز میں پانی کی سپلائی میں آلودگی کے مزید پھیلاؤ کی روک تھام ہو گی اور مقامی باشندوں کو ذہنی سکون ملے گا۔

"نیویارک کے ہر شہری کو محفوظ، صاف پانی تک رسائی کا حق حاصل ہے، اور ہم اپنے ماحول کی حفاظت کے لیے ور یہ یقینی بنانے کے لئے دلیرانہ، جارحانہ کوششیں جاری رکھیں گے کہ یہ آلودگی سے پاک ہو۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس تاریخی معاہدے کے ساتھ، ہم لانگ آئی لینڈ کی کمیونٹیز کو انصاف فراہم کر رہے ہیں جو سطح زمین کے پانی کے پلوم کی وجہ سے بہت طویل عرصے سے بری طرح متاثر ہوئی ہیں، جبکہ آلودگی پھیلانے والوں کو ان کے اقدامات کا سزاوار ٹھہرایا گیا ہے۔ اس ریاست میں ہماری اوّلین ترجیحات میں شامل ہے کہ اپنی کمیونٹیز کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنایا جائے، اور ہم اس بات کو یقینی بناتے رہیں گے کہ آنے والی نسلوں کے لیے نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے قابل بھروسہ، صاف پانی کا ایک ذریعہ پایا جاتا ہو۔"

**اٹارنی جنرل Letitia James نے کہا،** "کئی دہائیوں سے، نارتھروپ گرومین کو علم تھا کہ اس کے ضرر رساں فضلے کو ٹھکانے لگانے والی جگہوں سے لانگ آئی لینڈ کے پینے کے پانی کے واحد ذریعے میں زہریلے مادے کا اخراج ہو رہا ہے، لیکن کئی دہائیوں تک، نارتھروپ گرومین نے اس ذمہ داری سے چشم پوشی کی ہے۔ لانگ آئی لینڈ کے باشندے کمپنی کی غفلت کی قیمت ادا کرتے آئے ہیں لیکن آج، بالآخر ہم نے گرومین پر دباؤ ڈالا ہے کہ وہ میونسپلٹیز اور ریاست کو ادائیگی کرتے ہوئے اپنے ماحولیاتی استحصال کا ازالہ کرے جن کو یہ غلاظت صاف کرنا پڑی۔ سپریم کورٹ کے غیر ذمہ دارانہ فیصلے کے مقابل، جس میں EPA کے اختیار کو محدود کیا گیا ہے کہ وہ غلیظ اخراجات کی وجہ سے کمپنیوں کے خلاف انضباطی کارروائی کرے، میں پہلے سے کہیں زیادہ پُرعزم ہوں کہ نارتھروپ گرومین جیسی کمپنیوں کی جانب سے کیے گئے نقصانات کو کم کیا جائے۔ میں حکومت میں اپنے شراکت

داروں کے ساتھ کام کرنا جاری رکھوں گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ کوئی بھی ہمارے ماحول، ہمارے قدرتی وسائل اور ہمارے بچوں کے مستقبل تباہ نہ کر پائے۔"

"رضامندی کا یہ حکم نامہ ایک ضروری اقدام ہے تاکہ نارتھروپ گرومین کے علاقے میں ہمارے ماحول اور پینے کے پانی کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "ہم پر لازم ہے کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہمارے بچوں کو بڑھنے اور پھلنے پھولنے کے لئے ایک محفوظ ماحول میسر ہو اور یہ اقدام ہی بیتھ پیج کمیونٹی کو ایسا آرام اور ذہنی سکون دے سکے گا۔"

آخری حکم نامہ نیو یارک کی ریاست اور نارتھروپ گرومین کے درمیان ایک معاہدے کی عکاسی کرتا ہے جس میں گرومین کی صفائی کے دائرہ کار کو دہرایا گیا ہے اور ریاستی اخراجات اور قدرتی وسائل کے نقصانات ( Natural Resource Damages, NRD) کے زرِ تلافی کے لیے نارتھروپ گرومین کو ذمہ دار ٹھہرایا گیا ہے۔ اس معاہدے سے شہریوں کی شمولیت کا ایک مزید مستعد پروگرام بھی فراہم کیا گیا ہے، جس میں گرومین کی جانب سے شہریوں کی شرکت کے ورکنگ گروپ کے لیے فنڈنگ بھی شامل ہے جو تمام دلچسپی رکھنے والے اسٹیک ہولڈرز کی معلومات تک بہتر رسائی کو ممکن بنائے گا اور کمپنی کی صفائی کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گا جیسا کہ DEC کی جانب جائزہ لیا گیا ہے۔ حکم نامے میں پہلی مرتبہ ایک شیڈول شامل کیا گیا ہے، جو عدالت کی طرف سے نافذ کیے جانے والے حکم نامے کی مؤثر تاریخ سے پانچ سال بعد ختم ہو جاتا ہے اور گرومین سے معاہدے میں درج تمام تعمیرات کو مکمل کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ یہ رضامندی کے حکم نامے کے مسودے پر عوامی تبصرے کی مدت کے دوران کمیونٹیز سے موصول ہونے والی آراء کی اظہار بھی کرتا ہے جس میں نارتھروپ گرومین کی طرف سے متاثرہ پانی والے ڈسٹرکٹس کو اضافی NRD ادائیگیوں کی ہدایت کی جاتی ہے اور واضح طور پر اویسٹر بے کے قصبے کے ذمہ دار فریقوں کے خلاف دعوے دائر کرنے کے حق کو محفوظ کیا جاتا ہے۔

جیسا کہ پہلے اعلان کیا گیا تھا، نارتھروپ گرومین نے 104.4$ ملین کی مالیت کے NRD تصفیے پر رضامندی ظاہر کی تھی جو کہ صفائی، عوامی پانی کی فراہمی، اور پلوم کے ساتھ منسلک آبی ذخائر کے تحفظ کے پروجیکٹس کو آگے بڑھانے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ NRD میں ادائیگیوں کے کل 63.5$ ملین شامل ہیں، جس میں 29$ ملین بیتھ پیج واٹر ڈسٹرکٹ کے لیے مختص ہیں، 12.5$ ملین ساؤتھ فارمنگ ڈیل واٹر ڈسٹرکٹ کے لیے مختص کیے گئے ہیں، اور 22$ ملین نیویارک اسٹیٹ کے بحالی کے منصوبوں پر استعمال کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ رضامندی کے حکم نامے کے حصے کے طور پر، تصفیہ کے معاہدے کے مطابق اضافی صفائی کے لیے نارتھروپ گرومین کو 40.9$ ملین کا کریڈٹ دیا گیا۔

رضامندی کا حکم نامہ نارتھروپ گرومین کو پابند کرتا ہے کہ پلوم کے مشرقی اور جنوبی کناروں میں روک تھام کی جائے، جس میں پلوم کے مرکزی حصے سے انتہائی آلودگی کو مزید بہتر طریقے سے ہٹانا شامل ہے۔ بالخصوص، نارتھروپ گرومین، پلوم کے مشرقی وسطی اور جنوب مشرقی علاقے میں روک تھام والے کنوؤں کی ڈیزائننگ اور ڈرلنگ کر رہا ہے تاکہ اس علاقے میں مزید نقل مکانی کو روکا جا سکے اور سرکاری پانی کی فراہمی کے قریبی کنوؤں کو اضافی تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ رضامندی کے حکم نامے کے تحت درکار دیگر کارروائیوں کے ساتھ، یہ کنوئیں ان سہولیات گاہوں کی جانب سے جاری ہونے والےبخارات بن جانے والے نامیاتی مرکبات اور خطرناک مادوں کو صاف کرنے میں مدد کریں گے، جن میں Trichlorethylene اور 1,4-Dioxane شامل ہیں۔

رضامندی کے حکم نامے کو حتمی شکل دیتے ہوئے تیز رفتار کام میں نارتھروپ گرومین کی جانب سے پلوم کے جنوب مشرقی کواڈرینٹ کی ابتدائی تحقیقات لانچ کرنا بھی شامل ہے۔ ان تحقیقات میں اس موسمِ گرما کے دوران بورنگز کی ڈرلنگ شامل ہے تاکہ اخراج کرنے والے کنوؤں کی تنصیب کو تیز کیا جا سکے۔
مزید برآں، DEC کے ساتھ بات چیت کے بعد، امریکی بحریہ پلوم کے ان علاقوں میں جامع سدباب کے عناصر کا نفاذ کرے گی جن کی صفائی کے لیے بحریہ ذمہ دار ہے۔ یہ اقدامات خاص طور پر نیوی-گرومین پلوم کے مغربی نصف حصے کا مسئلہ حل کرنے کے لیے وضع کیے گئے ہیں۔ اہم اختلافات کی وضاحت کے مطابق امریکی بحریہ اپنی ذمہ داریاں انجام دے گی، جسے ستمبر 2021 میں حتمی شکل دی گئی تھی۔

یہ اقدامات اور بحریہ کا کام باہم مل کر، پلوم کے اندرونی حصے اور حاشیے میں روک تھام میں کامیاب ہوں گے اور پلوم کی صفائی کو تیز کریں گے۔ مزید برآں، تمام فریقین اس بات پر متفق ہیں کہ وہ روک تھام پر اور پلوم کی حرکت پر احتیاط سے نظر رکھیں تاکہ تدارک کی مسلسل تاثیر کو یقینی بنایا جا سکے اور صفائی کے منصوبے کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے لازمی، معاہدوں کے دائرہ کار کے اندر، کوئی بھی درستگیاں کی جا سکیں۔

2020 کے بعد سے، امریکی بحریہ اور نارتھروپ گرومین نے پہلے ہی مطلوبہ تدارک کو نافذ کرنے میں اہم پیش رفت کی ہے، جس میں آلودہ پلوم کی ہائیڈرولک انداز میں روک تھام کرنے اور اس کا تدارک کرنے کے لیے اخراج کار کنوؤں کے نیٹ ورک کی تنصیب کا آغاز کرنا بھی شامل ہے۔ مثال کے طور پر، بحریہ نے زمینی پانی کی صفائی کے ایک جدید ترین پلانٹ کی تعمیر شروع کی جہاں اس سال کے آخر میں کام شروع ہونے کی توقع ہے، اخراج کے لیے مطلوبہ چھ کنوؤں میں سے چار نصب کیے، اخراج کرنے والے کنوؤں سے ٹریٹمنٹ پلانٹ تک منتقلی کی پائپنگ کی تنصیب شروع کی، اور دیگر جاری کاموں کے علاوہ، صاف کردہ پانی کے انتظام کے لیے دو ریچارج بیسنز کی بحالی کی۔

بیتھ پیج کمیونٹی پارک کے جنوب میں زمینی پانی کے اخراج اور آلودگی سے نمٹنے کے نظام کے ایک حصے کے طور پر، گرومین نے سطح زمین کے پانی کی صفائی کے ایک نئے پلانٹ کی تعمیر بھی شروع کی جس کے 2022 کے موسم گرما کے آخر تک کام شروع کرنے کی توقع ہے، جس کے سلسلے میں 11,000 فٹ منتقلی کی پائپنگ کی تنصیب، اور اخراج کرنے والے تین کنوؤں کی بیرونی فٹنگ مکمل کر لی گئی۔ نارتھروپ گرومین اور بحریہ دونوں لانگ آئی لینڈ کے واحد ماخذ آبی ذخیرے سے آلودگی کو مؤثر طریقے سے دور کرنے کے لیے تین موجودہ سطح زمین سے پانی نکالنے اور صاف کرنے کے نظام کو چلانا بھی جاری رکھے ہوئے ہیں (جو 1998 میں پہلے نظام کے آن لائن آنے کے بعد سے 200,000 پاؤنڈ سے زیادہ ہے)۔ باقی ضروریات پر کام جاری ہے اور DEC کی طرف سے کڑی نگرانی کی جائے گی۔

امریکی بحریہ اور نارتھروپ گرومین کے صفائی کرنے کے اقدامات کے علاوہ، نیویارک ریاست اضافی ممکنہ طور پر ذمہ دار فریقوں پر زور دے رہی ہے کہ وہ ان علاقوں میں ضروری کوششیں کریں جو فی الحال امریکی بحریہ اور گرومین سے منسوب نہیں ہیں۔ اگر DEC ان علاقوں کی اصلاح کے لیے ممکنہ ذمہ دار فریقوں کی نشاندہی کرنے سے قاصر رہی، تو نیویارک ریاست ضروری صفائی انجام دے گی۔

بحریہ-گرومین کے بارے میں اضافی معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں۔

**ماحولیاتی تحفظ کے محکمے کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "اس حکم نامے کے ساتھ، نیویارک ریاست ہمارے اس عزم کا ادراک کر رہی ہے کہ آلودگی پھیلانے والوں کو جوابدہ ٹھہرایا جائے اور نارتھروپ گرومین اور امریکی بحریہ کی کارروائیوں کی وجہ سے کئی دہائیوں کی آلودگی سے متاثر ہونے والی کمیونٹیز کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ رہائشیوں اور مقامی رہنماؤں کی جانب سے اس حکم نامے پر محکمہ تحفظ ماحولیات (Department of Environmental Conservation) کو قابل قدر آراء ملی ہیں اور وہ عوام کے ساتھ مل کر کام کرنا جاری رکھیں گے کیونکہ اس پیچیدہ اور موثر صفائی کے عمل کو مکمل طور پر نافذ کر دیا گیا ہے تاکہ صحت عامہ اور ماحول کے تحفظ کے لیے مکمل روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے۔"

**سینیٹر Chuck Schumer نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ کی کمیونٹیز اور نیویارک ریاست کے ساتھ شراکت میں برسوں کی وکالت کے بعد، یہ خوش آئند حتمی رضامندی کا حکم نامہ گرومین اور بحریہ کو اچھی طرح صفائی کا پابند کرتا ہے، اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ انتہائی ضروری فنڈز نیویارک اور پانی کے مقامی ڈسٹرکٹس پر لگائے جائیں جو اس جنگ میں صفِ اوّل میں موجود ہیں۔ میں گورنر Hochul اور اٹارنی جنرل James کے ساتھ رہائشیوں کے پینے کے پانی کی حفاظت کے لیے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ بحریہ اور گرومین وہ سب کچھ کریں جو آخر کار پلوم کو صاف کرنے کے لئے لازمی ہے، جدوجہد جاری رکھوں گا۔"

**ریاستی سینیٹر Todd Kaminsky نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ کے آبی ذخائر ایک لازمی جزو ہیں جو لانگ آئی لینڈ کو خاص بناتا ہے۔ ہمارے پانی کو آلودہ کرنے والوں کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے ریاست، اس حتمی حکم نامے کے

ساتھ، اہم اقدامات کر رہی ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ہم آئندہ نسلوں کے لئے پینے کا صاف، محفوظ پانی فراہم کر سکیں۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کی قیادت ہماری کمیونٹیز کے تحفظ میں مدد کر رہی ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Kevin Thomas نے کہا،** "گرومین پلوم کی صفائی اس وقت سے میری ایک ترجیح رہی ہے جب سے میں نے عہدہ سنبھالا ہے۔ میں نارتھروپ گرومین کے ساتھ اُس معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے گورنر Hochul اور اٹارنی جنرل James کو داد دیتا ہوں جو لانگ آئی لینڈ کے ٹیکس دہندگان کی حفاظت کرتے ہوئے - کمیونٹی کی آراء اور مفادات کو ذہن میں رکھتے ہوئے تیار کیا گیا تھا۔ اس مطلوبہ فنڈنگ کو محفوظ کرنا لانگ آئی لینڈ کے باشندوں کے لیے ایک تاریخی فتح ہے، کیونکہ اسے مقامی پانی کے ڈسٹرکٹس اور ہمارے صاف پانی کی حفاظت کے ہمارے جاری و ساری عزم کے لئے استعمال کیا جائے گا۔"

**ریاستی سینیٹر John Brooks نے کہا،** "بیتھ پیج پلوم لانگ آئی لینڈ پر کئی سالوں سے ایک افتاد بنی ہوئی ہے جس کا کوئی قابل عمل حل نہیں تھا۔ نارتھروپ گرومین کے ساتھ روک تھام کے اس معاہدے پر مذاکرات کرتے ہوئے، گورنر Hochul اور اٹارنی جنرل James نے بظاہر وہ کام کیا ہے جو کوئی اور نہیں کر سکتا تھا؛ کہ سطح زمین کے آلودہ پانی پر قابو پایا جائے اور اسے صاف کیا جائے؛ یہ متاثرہ افراد کی صحت اور حفاظت کو مزید بڑھانے کا ایک جامع منصوبہ ہے۔ چونکہ یہ پلوم میرے حلقے کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور آگے بڑھتے ہوئے میری ایک ترجیح ہے، تو اس اہم مسئلے پر ان کی قیادت کے لئے میں گورنر Hochul اور AG James کو داد دیتا ہوں۔"

**ریاستی سینیٹر Jim Gaughran نے کہا،** "میں گورنر Hochul اور اٹارنی جنرل James کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی انتھک محنت کے نتیجے میں نارتھروپ گرومین مجبور ہو گئے کہ وہ ہمارے آبی ذخائر کو پہنچنے والے نقصان کا ازالہ کریں۔ یہ ہمارے ماحول، ہمارے پینے کے پانی اور ہمارے آئی لینڈ کے مستقبل کے لئے ایک بہت بڑا دن ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ پر موجود ہر کمیونٹی کو کسی بھی کمیونٹی میں پائی جانے والی سطح زمین کے پانی کی آلودگی سے خطرہ لاحق ہے، اور یہ لازم ہے کہ ہم اپنے صنعتی ماضی سے پھیلنے والی گندگی کو صاف کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں، اور آلودگی پھیلا کر چلے جانے والوں سے آلودگی کی جوابدہی کریں۔ میں شکر گزار ہوں کہ گورنر Hochul نے لانگ آئی لینڈ کے ٹیکس دہندگان کے تحفظ کے لیے ایک تفصیلی اور مکمل منصوبہ بندی کے ساتھ ضخیم گرومین پلوم کے مسئلے کو حل کیا ہے، اور لانگ آئی لینڈ پر پینے کے پانی کے تحفظ کی مسلسل کوششوں پر ان کے ساتھ کھڑے ہونے پر مجھے فخر ہے۔"

**رکن اسمبلی Steve Englebright نے کہا،** "آج کا اعلان بیتھ پیج پلوم کے نتیجے میں ہونے والی ماحولیاتی ناانصافیوں کو دور کرنے کی جانب ایک تاریخی قدم ہے۔ اپنے رہائشیوں کے لیے پینے کے پانی کا واحد ذریعہ ہونے کے حوالے سے، ہمیں ان لوگوں کو ذمہ دار ٹھہرانا چاہیئے جنہوں نے اسے آلودہ کیا تھا۔ اس اقدام کو نقطہ انجام تک لانے پر میں گورنر اور اٹارنی کو داد دیتا ہوں۔"

**رکن اسمبلی David G. McDonough نے کہا،** "میں اس اقدام کے لیے گورنر اور اٹارنی جنرل کی حمایت کرتا ہوں جو ماحولیات اور خاص طور پر لانگ آئی لینڈ پر ہماری پانی کی فراہمی کے تحفظ کے لیے ازحد ضروری ہے۔"

**رکن اسمبلی John Mikulin نے کہا،** "ایک ریاستی قانون ساز کے طور پر، اپنے پانی کی رسد کے تحفظ کے لئے کوششوں کا میں ایک انتھک حامی رہا ہوں اور آلودگی پھیلانے والوں کو گرومین پلوم کی آلودگی کے ازالے کی لاگت کا ذمہ دار ٹھہراتا ہوں۔ آج کا رضامندی کا حکم نامہ ایک اہم قدم ہے جس میں گرومین کو ہمارے زیرِ زمین پانی کی رسد کو ماضی میں آلودہ کرنے کا معاشی طور پر ذمہ دار ٹھہرایا گیا ہے۔ میری توجہ اس کام پر بھی ہے جو ابھی تاحال باقی ہے، اور میں ریاستی اور مقامی حکام کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کے لیے بے قرار ہوں تاکہ پلوم کے علاقے میں اور اس کے آس پاس رہنے والے پڑوسیوں کے لیے صحت مند ماحول کو یقینی بنایا جا سکے۔"

**رکن اسمبلی Michael Durso نے کہا،** "میں اس رضامندی کے حکم نامے پر داد دیتا ہوں جو ہمارے زیر زمین پانی کو آلودہ کرنے کے لیے گرومین کو ذمہ دار ٹھہراتا ہے، اور ریاستی اسمبلی میں ان کے کام کے لیے اپنے پیشرو، اویسٹر بے ٹاؤن کے سپروائزر Joseph Saladino کا شکریہ ادا کرتا ہوں جس کے نتیجے میں یہ کامیابی حاصل ہوئی۔ ایک رکن اسمبلی کے طور پر، بیتھ پیج اور گردونواح کی کمیونٹیز کے لئے ماحول اور پانی کی رسد کا تحفظ کرنے کے لئے میں گورنر Hochul، DEC، ٹاؤن آف اویسٹر بے اور پانی کے مقامی ڈسٹرکٹس کے ساتھ ایک مضبوط، جامع شراکت داری کا خواہاں ہوں۔"

**اویسٹر بے کے ٹاؤن سپروائزر Joseph Saladino نے کہا،**"جس آئین کو میں نے ریاستی اسمبلی میں مجاز قرار دیا تھا وہ آج کے رضامندی کے حکم نامے کے ساتھ ایک نئے سنگ میل پر پہنچ گیا ہے جس میں ماضی کی آلودگی کے لیے گرومین کو مالی طور پر جوابدہ ٹھہرایا گیا ہے۔ اب جہاں ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے، وہیں مجھے اس بات پر فخر ہے کہ ہماری اجتماعی کوششیں - گورنر Hochul، DEC، ٹاؤن آف اویسٹر بے اور مقامی پانی کے ڈسٹرکٹس - بیتھ پیج اور آس پاس کی کمیونٹیز کو، پلوم سے اور اس کے نقصان سے ہماری کمیونٹی، ماحولیات اور پانی کی فراہمی کو لاحق ہونے والے خطرے سے بچا رہے ہیں۔"

**بیتھ پیج واٹر ڈسٹرکٹ کے سپرنٹنڈنٹ Michael J. Boufis نے کہا،** "آج کی دستاویز بندی بیتھ پیج کمیونٹی کے لیے ایک طویل باب کے اختتام اور ایک نئے باب کے آغاز کی نشاندہی کرتی ہے۔ بیتھ پیج واٹر ڈسٹرکٹ کی جانب سے، میں ہر اس شخص کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جو اس کارروائی میں شامل تھا اور جس نے یہاں تک پہنچنے میں ہماری مدد کی۔ میں ذاتی طور پر کمشنر Seggos اور ڈپٹی کمشنر Brand کا ان کی ان تھک کوششوں پر شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔ خواہ یہ ماضی کی آلودگی ہو، یا نمودار ہونے والے نئے خطرات ہوں، بیتھ پیج واٹر ڈسٹرکٹ ہمیشہ اپنی کمیونٹی کے لئے، اپنے صارفین کے لئے، اور اپنے پینے کے پانی کے معیار کے لئے کھڑا رہے گا۔"

**Kevin Reilly، سپرنٹنڈنٹ برائے ماساپیکا واٹر ڈسٹرکٹ، نے کہا،** "ہم خوش ہیں کہ نارتھروپ گرومین نے فیصلے کے ترمیم شدہ ریکارڈ پر رضامندی ظاہر کی ہے جس سے پلوم کے بڑھنے کی روک تھام اور پینے کے سرکاری پانی کی حفاظت ہو گی۔ اس پروجیکٹ کی انجام دہی میں ہم DEC کی کوششوں کو سراہتے ہیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418